© rasailojaraid.com

کی کثرت سے کمال انشا کی داد دی گئی ہے۔ دوسری قسم کے خطوط وہ ہیں جو نہایت سادہ بے تکلف اور مکالمہ کے انداز میں تحریر کئے گئے ہیں۔ ارباب ذوق کو اس کی قدر کرنی چاہیئے۔

میلاد شہید منظوم:۔ مرتبہ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت و طباعت متوسط قیمت ۴؍ ملنے کا پتہ:۔ مصطفائی بک ڈپو ڈیوڑھی بیگم آگرہ

مولانا غلام امام شہید مرزا غالب کے ہم عصر اور اُردو فارسی کے پُرگو اور باکمال شاعر تھے اور ان خوبیوں پر مستزاد یہ کہ صاحب باطن بزرگ تھے! عشق و محبت رسول اللہ علیہ وسلم میں ان کی شیفتگی و فدائیت اس درجہ پر تھی کہ بجز نعت لکھنے اور پڑھنے کے کوئی شغل ہی نہیں تھا۔ اسی سبب سے "مداح نبیؐ" اور "عاشقِ رسولؐ" کے مُبارک القاب سے مشہور تھے۔ اسی عشق و محبت کے عالم میں اُنھوں نے ایک منظوم میلاد نامہ لکھا تھا جس میں متعدد نعتیہ قصیدے، غزلیں اور بحر طویل میں کئی نظمیں شامل ہیں۔ اب مفتی صاحب نے میلاد نامہ میں حضرت شہید کی دو نظمیں اور شامل کر کے اس کو افادہ عام کے خیال سے شائع کر دیا ہے اور شروع میں مولانا شہید کے ذاتی سوانح اور ان کے فضائل و کمالات پر ایک جامع مقدمہ لکھا ہے۔ میلاد نامہ کے ایک ایک شعر سے عشق رسول کا اظہار ہوتا ہے اور یوں بھی زبان فصاحت و بلاغت بیان، اور قدرت کلام کے اعتبار سے اس کو اُردو ادب کا نادرہ روزگار شاہکار کہہ سکتے ہیں۔ میلاد کی عام مجلسوں میں اگر اس میلاد نامہ کے پڑھنے کا دستور ہو جائے تو مسلمانوں کو بڑا فائدہ ہو۔

مشرقی کا مذہب:۔ از مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی تقطیع خورد کتابت طباعت متوسط ضخامت ۱۶ صفحے قیمت ۱؍ پتہ:۔ برقی مشین پریس مراد پور پٹنہ۔

عنایت اللہ خاں مشرقی نے "مولوی کا غلط مذہب" کے نام سے کئی ٹریکٹ لکھے تھے۔ اب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لوی عبدالصمد صاحب نے اس کے جواب میں "مشرقی کا مذہب" لکھ کر یہ بتایا ہے کہ خود مشرقی کے مذہبی خیالات
ہیں؟ اور اُس کے دینی عقائد کی کیا حقیقت ہے؟ یہ رسالہ گویا ایک آئینہ ہے جسے دیکھ کر اگر مشرقی صاحب
سامنے لے کر رہ جائیں تو بعید نہیں۔

رل مارکس :- از باری صاحب علیگ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔
ت ۶/ ملنے کا پتہ :- مکتبہ اُردو لاہور۔

کارل مارکس ایک زبردست انقلابی تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے اچھی طرح روشناس ہے۔ اس
ب میں اُسی کی سوانح عمری اور اُس کے خیالات پر عقیدتمندانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے ابتدائی
ب میں مارکس کے ذاتی حالات کا بیان ہے، اور دوسرے حصہ میں اُس کی تعلیمات اور معاشی واقتصادی
اح سے متعلق اُس کے ذاتی خیالات کا ذکر ہے۔ مارکس کے حالات کے ضمن میں ہیگل اور مارکس کے ساتھیوں
فریڈرک اینگلز وغیرہ کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب کا افادہ عام کرنے کے لئے باری صاحب نے یہ جدت کی ہے
باب کے آخر میں انھوں نے انگریزی اور اُردو الفاظ کی ایک فرہنگ درج کی ہے۔ جس سے فلسفیانہ اور
ی واقتصادی اصطلاحات کے سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی
صاحب کا انقلابی انداز تحریر اور زور بیان بدرجۂ اتم موجود ہے۔

شلزم :- از جناب باری صاحب علیگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۲ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ
۶/ ملنے کا پتہ :- مکتبۂ اُردو لاہور۔

سوشلزم کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں پر کارل مارکس کے مخلص دوست اور رفیق کار فریڈرک اینگلز
ک کتاب جرمن زبان میں لکھی تھی زیر تبصرہ کتاب اسی کتاب کے انگریزی ترجمہ کا اُردو ترجمہ ہے مصنف

© rasailojaraid.com